سوال

(274) کیا داڑھی منڈوانے اور شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھنے پر نماز میں نقص واقع ہوتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

موحد، پرہیز گار شخص جو ساری نمازیں جماعت کے ساتھ ہی پڑھتا ہے۔ داڑھی منڈواتا ہے شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھتا ہے اور اس پر اصرار کرتا ہے کیا ایسی چیزوں سے نماز میں نقص واقع تو نہیں ہوتا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے امور سے نماز میں نقص پیدا ہوتا ہے۔ یہ اعمال اِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ (العنكبوت :۴۵) کے برعکس اور منافی ہیں، جو یقیناً خسارے کا سودا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :276

محدث فتویٰ